نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

فصل بیمہ (تکافل) پروگرام کے تحت فصلات کی رجسٹریشن کا عمل جاری

لاہور: **23 جنوری 2023** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ناگہانی وجوہات کی وجہ سے کسانوں کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑتا ہے اوران کی محنت برباد ہوکررہ جاتی ہے۔معاشی طور پر کاشتکاروں کو استحکام اور تحفظ فراہم کرنے کی خاطر حکومت پنجاب کسانوں کیلئے فصل بیمہ (تکافل) سکیم کا دائرہ کار 21-2020 میں کاشتکاروں کے مفاد کے پیش نظر مجموعی طور پر 27 اضلاع تک بڑھایا گیا ہے۔اس ضمن میں ضلع شیخوپورہ،ساہیوال،لودھراں،رحیم یار خان،فیصل آباد، ملتان،مظفرگڑھ،نارووال،راجن پور،بھکر،ڈی جی خان،قصور،خانیوال،لیہ،منڈی بہاؤالدین، بہاولنگر، بہاولپور،اوکاڑہ،وہاڑی،خوشاب، جھنگ، چنیوٹ، پاکپتن،ٹوبہ ٹیک سنگھ،سرگودھا،میانوالی اور حافظ آباد کے کاشتکار کپاس، گندم،سورج مکھی اور کینولہ کے کاشتکاروں کو موسمیاتی تبدیلی،قدرتی آفات اور ٹڈی دَل کے ازالہ کے لئے بیمہ پروگرام کی رجسٹریشن کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس سکیم کے تحت 5 ایکڑ اراضی کے کاشتکاروں کے لئے بیمہ کے پریمیم پر 100 فیصد سبسڈی جب کہ 5 سے 25 ایکڑ کے کاشتکاروں کو 50 فیصد سبسڈی دی جارہی ہے۔ربیع 23-2022 میں گندم،سورج مکھی اور کینولہ کی رجسٹریشن جبکہ خریف 2023 میں کپاس اور دھان کی فصل کا بیمہ ہوگا۔شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے آن لائن سسٹم بھی متعارف کروایا گیا ہے۔فصلوں کی بیمہ (تکافل) سکیم کے اجراء کا مقصد کاشتکاروں کو مالی تحفظ فراہم کرنا ہے۔فصلات کی رجسٹریشن کرانے والے کاشتکاروں کو پالیسی سرٹیفکیٹس جاری کئے جاتے ہیں اورانہیں ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ بھی کیا جاتا ہے۔یادرہے،پنجاب فصل بیمہ کا اطلاق صرف تحصیل کی سطح پر حاصل ہونے والے پیداوار کے اعدادوشمار پر ہوگا جو محکمہ کراپ رپورٹنگ سروس جاری کرے گا۔اس ضمن میں رجسٹریشن کے خواہشمند کاشتکار زراعت (توسیع / کراپ رپورٹنگ) کے مقامی دفاتر یا **http://cropinsurance.punjab.gov.pk** کے ذریعے مفت رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔تحصیل کی سطح پر پیداوار میں کمی / نقصان کی صورت میں اعلان ربیع کے لئے جون 2023 اور خریف کے لئے دسمبر 2023 میں کیا جائے گا اور متعلقہ انشورنس کمپنی تمام بیمہ شدہ کاشتکاروں سے خود رابطہ کرے گی اور نقصان کے ازالہ کی پابند ہوگی۔مزید معلومات کے لئے کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر **042-99330381** پر رابطہ کرسکتے ہیں

☆☆☆☆☆